# 5979 ـ کئی لوگوں کا مقروض ہے اورقرضے کے مال کا علم نہیں کتنا ہے

**سوال**

میں اتنا مقروض ہوچکا ہوں کہ اب مجھے علم ہی نہیں کہ کس کس کا قرضہ دینا ہے اوریہ علم نہیں کتنا دینا ہے لھذا مجھے اس مشکل کوحل کرنے کےلیے کیا کرنا ہوگا ؟
اورمیں قرض کی ادائیگي کیے بغیر فریضہ حج کب ادا کرسکتاہوں ؟ اللہ تعالی آپ کوجزائے خیرعطا فرمائے ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ سوال دوچیزوں پرمشتمل ہے :

اول : اس مشکل کے لیے آپ کوکیا کرنا ہوگا ؟

دوم : آپ قرض کی ادائیگي کیے بغیر فریضہ حج کب ادا کرسکتے ہیں ؟

پہلے سوال کا جواب :

پہلے ان لوگوں کے قرضے کی ادائیگي کی کوشش کریں جنہیں آپ جانتے ہیں ، اورجوبھی آپ سے قرض کی ادائیگي کا مطالبہ کرے اوراس کے پاس قرض دینے کا ثبوت موجود ہویا پھر آپ کویاد ہوکہ آپ اس کے مقروض ہیں توآپ اس کی ادائیگي کردیں ۔

اورجسے آپ جانتے ہیں اوریہ بھی علم ہے کہ آپ نے اس سے کتنا قرضہ لیا ہے لیکن وہ آپ کوملتا نہیں اس سے لیے گئے قرضہ کی مقدار کومالک کی جانب سے صدقہ کردیں اوراگروہ بعد میں آئے تواسے آختیاردیں کہ وہ صدقہ کا ثواب قبول کرلے یا پھر اپنا قرض واپس لے لے اگروہ قرض واپس مانگتا ہے توصدقہ کا ثواب آپ کومل جائے گا ۔

اوررہا دوسرا سوال : جب آپ فریضہ حج ادا کرنا چاہیں یا توآپ اپنے قرض خواہوں کا قرض ادا کریں اوریا پھر ان سے فریضہ حج کی ادائیگي کی اجازت لے کر حج کرلیں ، اللہ تعالی آپ کوتوفیق سے نوازے ، اورآپ کے لیے قرض کی ادائیگي اورفریضہ حج کی ادائیگي میں آسانی پیدا فرمائے ۔

واللہ اعلم .